اَلحَمدُلِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِین وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن اَمَّا بَعد فَاَعُوذُ بِاللہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمط بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمط

درس دینے کی نِیّتیں

فرمانِ مصطفٰی صلی اللہ علیہ و اٰلہٖ وسلم: **نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌمِّنْ عَمَلِہٖ**

مسلمان کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہے"۔ (طبرانی معجم کبیر ج۶ ص۱۸۵ داراحیاء التراث العربی بیروت)

جتنی اچھی نیتیں زیادہ اتنا ثواب بھی زیادہ۔

﴾1﴿ اللہ کی رضا،

﴾2﴿ عشقِ الٰہی اور عشقِ مصطفٰی صلی اللہ علیہ و اٰلہٖ وسلم کے حصول کے لیے درس دوں گی۔

﴾3﴿ "صالحین کے ذکر کے وقت رحمت نازل ہوتی ہے" لہٰذا رحمتِ الٰہی کے حصول کے لیے درس دوں گی۔

﴾4﴿ اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کی نیت کے ساتھ درس دوں گی۔

﴾5﴿ علمِ دین کے حصول، نیک اعمال پر عمل اور دونوں جہاں کی بھلائیوں کے حصول و مشکلات کے حل کے لیے درس دوں گی۔

﴾6﴿ باوُضو، بااَدب، درس شروع کرنے سے قبل حمد و ثناء اور درود و سلام پڑھ کر درس شروع کروں گی۔

﴾7﴿ درس دینے کے دوران اللہ کا نام آئے گا تو اللہ پاک سرکار علیہ الصلوٰۃُ والسلام کا نامِ مبارک آنے پر درودِ پاک یعنی صلی اللہ علیہ و اٰلہٖ وسلم صحابۂ کرام علیھم الرضوان اور بزرگانِ دین رحمۃُ اللہُ عَلَیہِم اَجمَعِین کے تذکرے کے وقت دعائیہ کلمات کہوں گی۔

﴾8﴿ تلفظ کی درستی کے ساتھ درس دوں گی۔

﴾9﴿ اگر مذاق اُڑایا گیا تو صبر کروں گی۔

﴾10﴿ درس کے اختتام پر اپنے اور تمام مسلمانوں کے لیے دعائے مغفرت کروں گی۔

مدنی پھول: نیتیں کرواتے وقت نمبر نہ دہرائے جائیں۔

فیضان سنّت سے درس دینے کا طریقہ

(اسلامی بہنوں کے لئے)

درس دینے والی کے لئے ہدایات: درس دینے والی بریکٹ "( )" میں جو تحریر ہے اسے پڑھ کر سنانے کے بجائے اس پر عمل کرے (تین بار اس طرح اعلان فرمایئے) قریب قریب تشریف لایئے.

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

(اسکے بعد درود و سلام پڑھایئے)

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللہ

وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحٰبِكَ یَا حَبِیْبَ اللہ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا نَبِیَّ اللہ

وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحٰبِكَ یَا نُوْرَ اللہ

(پھر اسطرح کہیے!)

پیاری پیاری اسلامی بہنو! قریب قریب آکر درس کی تعظیم کی نیت سے جس طرح آپ کو آسانی ہو اسی طرح بیٹھ کر نگاہیں نیچی کیے توجہ کے ساتھ فیضانِ سُنّت کا درس سنیئے کہ لاپرواہی کے ساتھ ادھر ادھر دیکھتے ہوئے، زمین پر انگلی سے کھیلتے ہوئے، لباس، بدن یا بالوں وغیرہ کو سہلاتے ہوئے سننے سے اسکی برکتیں زائل ہونے کا اندیشہ ہے۔

(بیان کے آغاز میں بھی اسی انداز میں ترغیب دلایئے) یہ کہنے کے بعد فیضانِ سنت سے دیکھ کر درود شریف کی ایک فضیلت بیان کیجئے، پھر کہیے)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد